حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم، عقائد اسلامی کے مسلمات سے ہے۔ اہلِ اسلام کا اس پر اجماع ہے۔ "عقائد علماء دیوبند" میں اس کی تصریح کر دی گئی ہے اور علماء حرمین نے اس کی توثیق کی ہے۔ مگر اس کے باوجود بھی بعض لوگوں کو اپنے تعارف کی یہ ترکیب سوجھی کہ عقیدۂ حیات النبی کا انکار کر دیا جائے۔ تو چار دانگ عالم میں شہرت کا ڈنکا بج جائے۔ کچھ سادہ لوح لوگ ان کے دامِ تزویر میں بھی آئے۔ ایسوں کے پیشرووں نے جب یہ چال چلی تو قاسم العلوم والخیرات حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی نے "آبِ حیات" کے نام سے اس موضوع پر اس زمانہ کی اصطلاح اور علمی زبان میں ایک مستقل کتاب تصنیف فرمائی۔ دورِ حاضر میں بھی اس موضوع پر چھوٹی بڑی کتابیں لکھی جاتی رہیں۔ مگر زیرِ تبصرہ کتاب کو اس لحاظ سے انفرادی حیثیت حاصل ہے کہ اس کے پڑھنے والا جہاں متعلقہ مسئلہ کے دلائل میں گھوم پھر کر عقلی طور پر حقیقتِ مسئلہ کے سمجھنے میں حظِ وافر حاصل کرتا ہے۔ وہاں سیرتِ نبوی کے مختلف گوشے، عشق و محبت، اطاعتِ رسول ؐ، جذبۂ عمل اور خلوص و للہیت کے بہاروں سے بھی لطف اندوز ہوتا ہے۔

لاریب، کتاب اپنے موضوع پر جامع اور مدلل ہے مگر معنوی لحاظ سے اور مضامین کے اعتبار سے بھی اپنے نام "رحمت کائنات" کی طرح ہر لحاظ سے جامع ہے۔ تحریر سلیس، دلچسپ اور تقریباً ہر عنوان میں حلاوت اور وجد ولذت محسوس ہوتی ہے۔ کتابت، کاغذ اور جلد بندی معیاری ہے۔ (ع ق ح)

کتاب زندگی | از منشی عبدالرحمٰن خان صفحات ۶۰۸ قیمت ۴۵ روپے

پتہ۔ جاوید اکیڈمی۔ چہلک ملتان

منشی عبدالرحمٰن خان مشہور ادیب، مصنف، صاحبِ قلم اور کثیر التصانیف علمی شخصیت ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب ان کی حیات آموز اور بصیرت افروز سرگزشت ان کے علمی، ادبی، تاریخی، سیاسی، سماجی اور دیدہ و شنیدہ واقعات اور ذاتی تجربات پر مشتمل واقعۃً ایک سبق آموز کتاب زندگی ہے۔

ہر عنوان ایک داستان، ہر ورق ایک سبق، زندگی کے میدان میں بزرگوں کے تجربات سے سبق کے متلاشیوں کے لئے کامیابیوں کا سنگِ میل ہے۔ جدید تعلیم یافتہ طبقہ، دینی مدارس اور سکول کالجز کے اساتذہ و طلبہ، دینی ذہن رکھنے والے لکھے پڑھے احباب، دنیوی ترقیوں کے خواہشمند سرکاری ملازم اور سول سروسز سے تعلق رکھنے والے سب کے لئے عبرت و نصیحت کا ایک حسین مرقع۔ بعض سیاسی شخصیتوں کے مدح میں غلو۔ جگہ جگہ تصاویر کے قبائح اور بعض ناشائستہ لطائف مثلاً پشاوری نکاح وغیرہ کے باوجود واقعاتی تجزیئے، بے لاگ تبصرے اور سبق آموز حقائق کے پیشِ نظر ہم قارئین سے کتابِ زندگی کے مطالعہ و استفادہ کی پرزور سفارش کرتے ہیں۔ عمدہ کتابت و طباعت اور مضبوط جلد بندی اور ضخامت کے باوجود قیمت واجبی اور معقول ہے۔

(ع ق ح)